

# عُمرہ و حج ایک نظر میں

صفحات: 7

# فہرستِ مضامین


1. **عمرہ کا طریقہ (قدم بہ قدم)**
   - عمرے کی تعریف، حکم اور طریقہ
2. **حجِ تمتع کا مکمل طریقہ کار:**
3. **گیارہ اَحکامِ شرعیہ آسان انداز میں:**
   - فرض، واجب، سنت، مستحب، حرام، مکروہ وغیرہ
4. **8 سے 13 ذوالحجہ کی 16 اہم مصروفیات:**
   - فرائض، واجبات، سنتیں وغیرہ
5. **نقشہ ایّامِ حج:**
   - حج و عمرہ موبائل ایپلیکیشن کا تعارف
   - مفید کتب (رفیق المعتمرین اور رفیق الحرمین) کے روابط


---

## پہلے اسے پڑھیے!

**غلام احمد رضا قادری عطّاری مدنی** (المدینۃ العلمیہ۔Islamic Research Center)۔19 مئی 2026ء / 2 ذوالحجہ 1447ھ

تعارفِ رسالہ: زیرِ نظر رسالہ **"حج و عمرہ ایک نظر میں"** کا مقصد ایک ہی جگہ پر ضروری معلومات فراہم کرنا ہے۔ اس میں نقشوں وغیرہ کے ذریعے میقات سے لے کر طوافِ وداع تک کے تمام مراحل کو آسان انداز میں بیان کیا گیا ہے تاکہ حاجی اور عمرہ کرنے والے اسے آسانی سے سمجھ کر عمل پیرا ہو سکے۔



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ۔

# عمرہ وحج ایک نظر میں (صفحات:7)


## سبق: 1

## عمرے کا طریقہ




◆ **صاحبِ استطاعت کے لیے عمرہ کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔** فقہ کی کتاب 'دُرِّ مختار' میں ہے: "اِحرام، طواف، صفاو مروہ کی سعی اور حلق یا تقصیر (سر منڈوانا یا بال کٹوانا) پر مشتمل امور کا نام عمرہ ہے۔"

①: اِحرامِ عمرہ (یعنی عمرہ کی دل سے نیّت اور اس کے ساتھ زبان سے وہ ذِکر جس میں اللہ پاک کی تعظیم ہو جیسے: لبیک یا سبحٰن اللّٰہ، الحمدللّٰہ، اللّٰہ اکبر کا پڑھنا) شرط۔ ②: طواف کا اکثر حصہ (یعنی کم از کم چار چکر): رکن۔ ③: سعی: واجب۔ ④: سر منڈوانا یا بال کٹوانا: واجب۔ (در مختار ص157)







www.dawateislami.net

# عمرہ کا طریقہ (قدم بہ قدم)


| نمبر | مرحلہ | مختصر وضاحت |
|---|---|---|
| 1 | احرام باندھنا | غسل، خوشبو، مرد اِحرام کی چادریں؛ عورت معمول کا لباس۔ دو نفل پڑھ کر نیت :لَبَّيْكَ عُمْرَةً۔ یا ”اے اللہ! میں عمرہ کی نیت کرتا ہوں۔“ |
| 2 | تلبیہ پڑھنا | نیت کے بعد سے طواف تک مسلسل تلبیہ۔ مرد بلند آواز سے، خواتین آہستہ۔ |
| 3 | مسجدِ حرام میں داخلہ | دعا پڑھ کر دائیں (سیدھے) قدم سے داخل ہوں، بیت اللہ پر پہلی نظر پر دعا کریں۔ |
| 4 | طواف | مرد اضطباع (سیدھا کندھا ننگا) کریں۔ حجرِ اسود سے سات چکر؛ پہلے تین میں رمل۔ ہر چکر میں استلام۔ |
| 5 | نمازِ طواف | مرد کندھا ڈھانپ لیں۔ مقامِ ابراہیم کے پاس یا مسجدِ حرام میں کسی جگہ وَقتِ مکروہ نہ ہو تو دو رکعت نمازِ طواف پڑھنا۔ |
| 6 | ملتزم پر دعا | مُلتزم سے لپٹ (آج کل ملتزم پر خوشبو لگی ہوتی ہے، اس لیے احرام والے چھونے یا چومنے سے بچیں) کر دعا؛ ہجوم ہو تو دور سے رخ کر کے دعا۔ |
| 7 | آبِ زم زم | قبلہ رُخ کھڑے ہو کر پیٹ بھر کر پئیں اور دعا مانگیں۔ |
| 8 | سعی | صفا سے نیت کر کے سعی شروع؛ صفا–مروہ سات چکر، اختتام مروہ پر۔<br>مرد سبز بتیوں کے درمیان دوڑیں۔ |
| 9 | حلق یا تقصیر | مرد حلق یعنی سَر منڈوانا یا تقصیر یعنی بال کتروانا؛ خواتین بالوں کا سِرا کاٹیں۔ اس سے عمرہ مکمل اور اِحرام کی پابندیاں ختم۔ |



## سبق: 2

پاکستان اور ہندوستان سے آنے والے زیادہ تر افراد **حجِّ تَمَتُّع** ادا کرتے ہیں، اس کا طریقہ ایک نظر میں:



## سبق: 3

◆ مُکَلَّف (یعنی عاقل بالغ) مسلمان مرد یا عورت کا کوئی بھی کام اور عمل ان **گیارہ اَحکامِ شرعیہ** سے باہر نہیں ہو سکتا۔

| اچھے کام | برے اور ناپسندیدہ کام |
|---|---|
| (1)**فرض**<br>جیسے: پانچ وقت کی نماز، رمضان کے روزے۔<br>اگر جان بوجھ کر بغیر وجہ کے فرض کام چھوڑو، تو یہ بڑا گناہ ہے۔ | (6)**حرام**<br>جیسے: فرض نماز چھوڑنا، شراب پینا، سود لینا۔<br>ہر فرض کا چھوڑنا حرام۔ ایک بار بھی کرنا بڑا گناہ |
| (2)**واجب**<br>جیسے: نمازِ وتر پڑھنا، قربانی کرنا۔<br>اگر ایک بار چھوڑو تو چھوٹا گناہ، بار بار چھوڑو تو بڑا گناہ۔ | (7)**مکروہِ تحریمی**<br>جیسے: قربانی نہ کرنا جب واجب ہو، امام کے پیچھے قراءت کرنا۔<br>ہر واجب کا ترک مکروہِ تحریمی۔ ایک مرتبہ بھی کرنا، ناجائز و گناہ۔ |
| (3)**سنّتِ موکدہ**<br>جیسے: ظہر سے پہلی کی چار سنتیں۔<br>اس کا چھوڑنا اساءت (برا) اور نادراً ترک پر عتاب اور عادت پر عذاب کا حقدار | (8)**اِساءت**<br>جیسے: وضو میں کلی نہ کرنا، ظہر کی سنتیں چھوڑنا۔<br>سنتِ موکدہ کا چھوڑنا اساءت۔ ایک دو بار کرنا برا، لیکن عادۃً کرنا چھوٹا گناہ |
| (4)**سنّتِ غیر موکدہ**<br>مثلاً: عصر و عشا کی پہلی چار سنتیں۔<br>نہ کرنا اگرچہ عادۃً ہو موجبِ عتاب نہیں۔ | (9)**مکروہِ تنزیہی**<br>جیسے: کھڑے ہو کر پانی پینا، عصر کی سنتیں چھوڑنا۔<br>سنتِ غیر موکدہ کا ترک مکروہ تنزیہی۔ اسے کرنا گناہ نہیں اگرچہ عادۃً ہو۔ |
| (5)**مستحب**<br>از خود مخصوص تعداد میں اذکار پڑھنا۔<br>چھوڑنے پر کوئی گناہ نہیں۔ | (10)**خلافِ اولیٰ**<br>جیسے: بہت کم درود پاک پڑھنا۔<br>ہر مستحب کا ترک خلافِ اَولیٰ۔ اسے چھوڑنے پر گناہ نہیں۔ |
| (11)**مباح**<br>ایسے کام جنھیں کرنا یا نہ کرنا برابر ہو، جیسے: بریانی کھانا، چائے پینا۔ نہ ثواب، نہ گناہ۔ | |



www.dawateislami.net

## سبق: 4

# 8سے13ذُوالحج کی16اَہم مصروفیات


| نمبر | مسائل | تاریخ(ذُوالحج) | حکم |
|---|---|---|---|
| 1 | حج کااِحرام | 08 | حج کیلئے شرط |
| 2 | منٰی کاپہلا قیام | 08 | سنّتِ موکدہ |
| 3 | وقوفِ عرفہ | 09 | حج کارکن اعظم اوربنیادی فرض ہے |
| 4 | مغرب وعشامزدلفہ میں عشاکے وقت میں پڑھنا | 9, 10درمیانی شب | یہ حج کاواجب ہے |
| 5 | مزدلفہ میں رات کورہنا | 9, 10درمیانی شب | سنت موکدہ |
| 6 | وقوفِ مزدلفہ | 10 | واجب حج |
| 7 | صرف بڑے جمرے کی رمی | 10 | واجب حج |
| 8 | منٰی میں دوسراقیام | 10, 11, 12 | سنّتِ موکدہ |
| 9 | حج کی قربانی | 10 | تمتع اور قِران والے کے لئے واجب۔حج افراد والے کے لئے مستحب |
| 10 | حلق یا تقصیر | 10 | واجبِ حج،اوراحرام کھولنے کے لئے شرط |
| 11 | طوافِ زیارت | 10 | حج کادوسرابڑافرض |
| 12 | حج کی سعی | 10 | یہ حج کاواجب ہے |
| 13 | دوسرے دن تینوں جمرات کی رمی | 11 | یہ حج کاواجب ہے |
| 14 | تیسرے دن یعنی بارہ ذوالحجہ کوتینوں جمرات کی رمی | 12 | یہ حج کاواجب ہے |
| 15 | 13ذوالحجہ یعنی چوتھے دن تینوں جمرات کی رمی | 13 | مستحب/موکد/واجب |
| 16 | طوافِ وداع | 12 | یہ حج کاواجب ہے۔(27واجباتِ حج اور تفصیلی احکام، ص200–201،مکتبۃ المدینہ) |

## سبق: 5




🌸 مکتبۃ المدینہ کا رسالہ حج و عمرہ کا **مختصر طریقہ** (صفحات:48) **مکمل** پڑھیں۔

ذیل کی دو کتب اور اپلیکیشن دعوت اسلامی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں۔







🌸 رکنِ شوریٰ، الحاج مولانا عبد الحبیب عطّاری کی 56 منٹ کی وڈیو دیکھیں: